واقعہ حرہ میں ظلم؟

غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری

❀ مغیرہ بن مقسم رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں:

أَنْهَبَ مُسْرِفُ بْنُ عُقْبَةَ الْمَدِينَةَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، فَزَعَمَ الْمُغِيرَةُ أَنَّهُ افْتُضَّ فِيهَا أَلْفُ عَذْرَاءَ.

''مسرف (مسلم) بن عقبہ نے تین دن اہل مدینہ کو لوٹا۔ (راوی کہتے ہیں کہ) مغیرہ رحمہ اللہ کا یہ بھی کہنا ہے کہ ایک ہزار کنواری لڑکیوں کی عزتیں لوٹی گئیں۔''

(دلائل النّبوة للبيهقي: 475/6، تاريخ ابن عساكر: 108/58)

سند منقطع ہے۔ مغیرہ بن مقسم کا اس موقع پر مدینہ میں موجود ہونا ثابت نہیں۔ نہ ہی مسلم بن عقبہ سے لقاء وسماع ممکن ہے۔